شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

29اپریل2023ء

پریس ریلیز

مذاکرات کے دوران اپوزیشن لیڈر کے گھر پر حملہ انتہائی شرمناک ہے(شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): مذاکرات کے دوران اپوزیشن لیڈر کے گھر پر حملہ انتہائی شرمناک ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ اطلاعات کے مطابق بڑی تعداد میں مسلح لوگ بکتر بند گاڑیاں ساتھ لائے تھے اور سابق وزیر اعلیٰ پرویز الٰہی کے گھر کا دروازہ توڑا گیا، ملازمین پر تشدد کیا گیا، ایک خاتون سمیت کئی لوگوں کو گرفتار کیا گیا، یوں چادر اور چاردیواری کے تقدس کو بری طرح مجروح کیا گیا حالانکہ اُسی روز عدالت عالیہ پرویز الٰہی کی ضمانت کنفرم کر چکی تھی۔ اس پر پنجاب کا پراسیکیوٹر جنرل خود چیخ اٹھا کہ یہ غیر قانونی کارروائی ہے اور عدالتی حکم کو ہوا میں اڑانے کے مترادف ہے۔ انھوں نے حیرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس موقع پر پنجاب کے اعلیٰ ترین ذمہ داران کا صوبے سے غائب ہو جانا معنی خیز بھی ہے اور پُر اسرار بھی۔ انھوں نے کہا کہ اگرچہ یہ اتنا بڑا سانحہ ہے کہ سیاسی چپقلش خوفناک رخ اختیار کر سکتی ہے، بہرحال تمام سٹیک ہولڈرز ایسی سرگرمیوں سے اجتناب کریں جس سے ملک میں کشیدگی میں اضافہ ہو۔ خاص طور پر متاثرہ جماعت اشتعال میں نہ آئے، تحمل اور برداشت کا مظاہرہ کرے تاکہ مذاکرات کو سبوتاژ کرنے کا منصوبہ ناکام ہو جائے لہٰذا کوئی جوابی کارروائی نہ کریں بلکہ قانونی راستہ اختیار کریں اور ملک و قوم کے مفاد میں مذاکرات کے راستے کو ترک نہ کریں۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان